# The Absolute Reality

www.quran4u.com

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا

اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیا

# Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

## الأحقاف

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

حم (1)

حٰم

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (2)

(یہ) کتاب خدائے غالب (اور) حکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے

مَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُسَمًّى ۚ

ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں میں ہے

مبنی بر حکمت اور ایک وقت مقرر تک کے لئے پیدا کیا ہے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا عَمَّا أُنْذِرُوا مُعْرِضُونَ (3)

اور کافروں کو جس چیز کی نصیحت کی جاتی ہے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں

قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ

کہو کہ بھلا تم نے ان چیزوں کو دیکھا ہے جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو؟

أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ۖ

(ذرا) مجھے بھی تو دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کونسی چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں میں انکی شرکت ہے

ائْتُونِي بِكِتَابٍ مِنْ قَبْلِ هَٰذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِنْ عِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ (4)

اگر سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لاؤ یا علم

(انبیا سے) میں سے کچھ (منقول) چلا آتا ہو (تو اسے پیش کرو)

وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ يَدْعُو مِنْ دُونِ اللَّهِ مَنْ لَا يَسْتَجِيبُ لَهُ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اور اس شخص سے بڑھ کر کون گمراہ ہو سکتا ہے جو

ایسے کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہ دے سکے

وَهُمْ عَنْ دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ (5)

اور ان کو ان کے پکارنے ہی کی خبر نہ ہو؟

وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ أَعْدَاءً وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ (6)

اور جب لوگ جمع کئے جائیں گے تو وہ انکے دشمن ہوں گے اور انکی پرستش سے انکار کریں گے

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ

اور جب انکے سامنے ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں

قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَذَا سِحْرٌ مُبِينٌ (7)

تو کافر حق کے بارے میں جب ان کے پاس آ چکا کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ

کیا یہ کہتے ہیں کہ اس نے اس کو از خود بنالیا ہے؟

قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ

کہہ دو اگر میں نے اس کو اپنی طرف سے بنایا ہو تو تم خدا

کے سامنے (میرے بچاؤ) کے لئے کچھ اختیار نہیں رکھتے

هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ

وہ اس گفتگو کو خوب جانتا ہے جو تم اسکے بارے میں کرتے ہو

كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ

وہی میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے

وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (8)

اور وہ بخشنے والا مہربان ہے

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ

کہہ دو کہ میں کوئی نیا پیغمبر نہیں آیا اور میں نہیں جانتا کہ میرے

ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ (کیا جائے گا)

إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ (9)

میں تو اسی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر وحی آتی ہے اور میرا کام تو علانیہ ہدایت کرنا ہے

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ

کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر یہ (قرآن) خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اس سے انکار کیا

وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۖ

اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اسی طرح کی ایک (کتاب) کی گواہی دے چکا

اور ایمان لے آیا اور تم نے سرکشی کی (تو تمہارے ظالم ہونے میں کیا شک ہے؟)

إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (10)

بیشک خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَا سَبَقُونَا إِلَيْهِ ۚ

اور کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ اگر یہ (دین) کچھ بہتر

ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے پہلے نہ دوڑ پڑتے؟

وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ (11)

اور جب وہ اس سے ہدایت یاب نہ ہوئے تو اب کہیں گے کہ یہ پرانا جھوٹ ہے

وَمِنْ قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ

اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب تھی (لوگوں کے لئے) رہنما اور رحمت

وَهَٰذَا كِتَابٌ مُصَدِّقٌ لِسَانًا عَرَبِيًّا لِيُنْذِرَ

الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ

اور یہ کتاب عربی زبان میں ہے اسی کی تصدیق کرنے والی

تاکہ ظالموں کو ڈرائے اور نیکوکاروں کو خوش خبری سنائے

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا

جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خدا ہے پھر وہ (اس پر) قائم رہے

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (13)

توان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمناک ہونگے

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا

یہی اہل جنت ہیں کہ ہمیشہ اس میں رہیں گے

جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (14)

(یہ) اس کا بدلہ (ہے) جو وہ کیا کرتے تھے

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ۖ

اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیا

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ

اس کی ماں نے اسکو تکلیف سے پیٹ میں رکھا اور تکلیف ہی سے جنا

وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا ۚ

اور اس کا پیٹ میں رہنا اور دودھ چھوڑنا ڈھائی برس میں ہوتا ہے

حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ

یہاں تک کہ جب خوب جوان ہوتا ہے اور چالیس برس کو پہنچ جاتا ہے تو کہتا ہے کہ

رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ

اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ تونے جو احسان

مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں ان کا شکر گزار ہوں

وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۚ

اور یہ کہ نیک عمل کروں جنکو تو پسند کرے اور میرے لیے میری اولاد میں صلاح (و تقوٰی) دے

إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (15)

میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں ہوں

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ

یہی لوگ ہیں جن کے اعمال نیک ہم نے قبول کرینگے اور ان کے گناہوں سے در گزر کریں گے

فِي أَصْحَابِ الْجَنَّةِ ۖ

اور (یہی) اہل جنت میں (ہوں گے)

وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ (16)

(یہ) سچا وعدہ (ہے) جو ان سے کیا جاتا ہے

وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَكُمَا أَتَعِدَانِنِي

أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُونُ مِنْ قَبْلِي

اور جس شخص نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ اف اف! تم مجھے یہ بتاتے ہو کہ

میں (زمین سے) نکالا جاؤنگا حالانکہ بہت سے لوگ مجھ سے پہلے گزر چکے ہیں

وَهُمَا يَسْتَغِيثَانِ اللَّهَ وَيْلَكَ آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ

اور وہ دونوں خدا کی جناب میں فریاد کرتے (ہوئے کہتے) تھے کہ کمبخت ایمان لا خدا کا وعدہ تو سچا ہے

فَيَقُولُ مَا هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ (17)

تو کہنے لگے یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں

أُولَئِكَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ ۖ

یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں جنوں اور انسانوں کی (دوسری)

امتوں میں سے جو ان کے پہلے گزر چکیں عذاب کا وعدہ تحقیق ہو گیا

إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ (18)

بیشک وہ نقصان اٹھانے والے تھے

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِمَّا عَمِلُوا ۖ

اور لوگوں نے جیسے کام کئے ہونگے ان کے مطابق سب کے درجے ہوں گے

وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (19)

غرض یہ ہے کہ ان کو ان کے اعمال کا پورا بدلہ دے اور ان کا نقصان نہ کیا جائے

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ

اور جس دن کافر دوزخ کے سامنے جائیں گے (اور کہا جائے گا) کہ

أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا

تم اپنی دنیا کی زندگی میں لذتیں حاصل کر چکے اور ان سے متمتع ہو چکے

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ

تو آج تم کو ذلت کا عذاب ہے

بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُونَ (20)

(یہ) اس کی سزا (ہے) کہ تم زمین میں ناحق غرور کیا کرتے تھے اور اسکی کہ بدکرداری کرتے تھے

وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ إِذْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ

اور (قوم) عاد کے بھائی (ہود) کو یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم کو سرزمین احقاف میں ہدایت کی

وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ

اور ان سے پہلے اور پیچھے بھی ہدایت کرنے والے گزر چکے تھے کہ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (21)

مجھے تمہارے بارے میں بڑے دن کے عذاب کا ڈر لگتا ہے

قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ آلِهَتِنَا

کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم کو ہمارے معبودوں سے پھیر دو

فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (22)

اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو اسے ہم پر لے آؤ

قَالَ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ

(انہوں نے) کہا کہ (اس کا) علم تو خدا ہی کو ہے

وَأُبَلِّغُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ

اور میں تو جو (احکام) دیکر بھیجا گیا ہوں وہ تمہیں پہنچا رہا ہوں

وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ (23)

لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نادانی میں پھنس رہے ہو

فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۚ

پھر جب انہوں نے اس (عذاب) کو دیکھا کہ بادل (کی صورت میں) ان
کے میدان کی طرف آرہا ہے تو کہنے لگے یہ تو بادل ہے جو ہم پر برس کر رہے گا

بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُم بِهِ ۖ

(نہیں) بلکہ (یہ) وہ چیز ہے جس کے لئے تم جلدی کرتے تھے

رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ (24)

یعنی اندھی جس میں درد دینے والا عذاب بھرا ہوا ہے

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَى إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ

ہر چیز کو اپنے پروردگار کے حکم سے تباہ کئے دیتی ہے تو وہ
ایسے ہوگئے کہ ان کے گھروں کے سوا کچھ نظر ہی نہ آتا تھا

كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ (25)

گنہگار لوگوں کو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں

وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِنْ مَكَّنَّاكُمْ فِيهِ

اور ہم نے ان کو ایسے مقدور دیئے تھے جو تم لوگوں کو نہیں دیئے

وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً

اور انہیں کان اور آنکھیں اور دل دیئے تھے

فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا
أَفْئِدَتُهُمْ مِنْ شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ

تو جب کہ وہ خدا کی آیتوں سے انکار کرتے تھے تو نہ تو ان
کے کان ہی ان کے کچھ کام آسکے اور نہ آنکھیں اور نہ دل

وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (26)

اور جس چیز سے استہزا کیا کرتے تھے اس نے ان کو آگھیرا

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِنَ الْقُرَىٰ

اور تمہارے ارد گرد کی بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا

وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (27)

اور بار بار (اپنی) نشانیاں ظاہر کر دیں تاکہ وہ رجوع کریں

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ قُرْبَانًا آلِهَةً ۖ

تو جن کو ان لوگوں نے تقرب خدا کے لیے (خدا) کے سوا معبود بنایا تھا انہوں نے انکی کیوں مدد نہ کی

بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ ۚ

بلکہ وہ ان (کے سامنے) سے گم ہوگئے

وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ (28)

اور یہ ان کا جھوٹ تھا اور یہی افتراء کیا کرتے تھے

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ

اور جب ہم نے جنوں میں سے کئی شخص تمہاری طرف متوجہ کئے کہ قرآن سنیں

فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنْصِتُوا ۖ

تو جب وہ اسکے پاس آئے تو (آپس میں) کہنے لگے کہ خاموش رہو

فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ مُنْذِرِينَ (29)

جب (پڑھنا) تمام ہوا تو اپنی برادری کے لوگوں میں واپس گئے کہ (انکو) نصیحت کریں

قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ

کہنے لگے کہ اے قوم ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل ہوئی

مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

جو (کتابیں) اس سے پہلے نازل ہوئی ہیں انکی تصدیق کرتی ہے

يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَى طَرِيقٍ مُسْتَقِيمٍ (30)

(اور) سچا دین اور سیدھا راستہ بتاتی ہے

يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ

اے قوم خدا کی طرف بلانے والے کی بات کو قبول کرو اور اس پر ایمان لاؤ

يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (31)

(خدا) تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دکھ دینے والے عذاب سے پناہ میں رکھے گا

وَمَنْ لَا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ

اور جو شخص خدا کی طرف بلانے والے کی بات قبول نہ

کرے گا تو وہ زمین میں (خدا کو) عاجز نہیں کر سکے گا

وَلَيْسَ لَهُ مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءُ ۚ

اور نہ اسکے سوا اس کے حمایتی ہوں گے

أُولَئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ (32)

یہ لوگ صریح گمراہی میں ہیں

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ

کیا انہوں نے نہیں سمجھا کہ جس خدا نے آسمانوں اور

زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں

بِقَادِرٍ عَلَى أَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَى ۚ

وہ اس (بات) پر بھی قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کر دے

بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (33)

ہاں ہاں وہ ہر چیز پر قادر ہے

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ

اور جس روز انکار کرنے والے آگ کے سامنے کئے جائیں گے

أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۖ

(اور کہا جائے گا) کیا یہ حق نہیں ہے؟

قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ

تو کہیں گے کیوں نہیں ہمارے پروردگار کی قسم (حق ہے)

قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ (34)

حکم ہو گا کہ تم جو (دنیا میں) انکار کیا کرتے تھے (اب) عذاب کے مزے چکھو

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَهُمْ ۚ

پس (اے محمدؐ) جس طرح اور عالی ہمت پیغمبر صبر کرتے رہے ہیں

اسی طرح تم بھی صبر کرو اور ان کے لئے (عذاب) جلدی نہ مانگو

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ ۚ

جس دن یہ اس چیز کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو

(خیال کریں گے کہ) گویا (دنیا میں) رہے ہی نہ تھے مگر گھڑی بھر دن

بَلَاغٌ

(یہ قرآن) پیغام ہے

فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ (35)

سو (اب) وہی ہلاک ہوں گے جو نافرمان تھے

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**